ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

منتخب بلدیاتی نمائندوں کی جانب سے نیو کراچی ٹاؤن میں بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری۔

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہی یونین کمیٹی نمبر 05 سیکٹر J-5 کا دورہ۔

پینے کے پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لئے 12 سوفٹ لمبی واٹر لائن کی تنصیب کے کام کا جائزہ۔

عوام کے مسائل کو حل کرنے اور بنیادی سہولیات کو پورا کرنے کے لئے میدان عمل میں موجود ہیں ۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

مورخہ: 10/ دسمبر 2024ء

کراچی ( ) منتخب بلدیاتی نمائندوں کی جانب سے نیو کراچی ٹاؤن میں بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ سیکٹر J-5 کا دورہ۔عوام کے مطالبے پر پینے کے پانی کی 12 سوفٹ لمبی نئی لائن کی تنصیب کے کام کا جائزہ۔اس موقع پر یوسی چیئرمین، وائس چیئرمین، یوسی کونسلرو اراکین یونین کمیٹی، علاقہ معززین، ٹاؤن افسران بھی موجود تھے ۔اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے کہا کہ عوامی سہولیات کی فراہمی کے لئے جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں کی خدمات جاری رہیں گی، عوام کا جماعت اسلامی کے نمائندوں پر اعتماد ہی ہماری سب سے بڑی جیت ہے اس حوالے سے منتخب نمائندے بھی عوام کے درمیان رہتے ہوئے اُن کے مسائل دیکھ رہے ہیں اور خدمت کے جذبے کے ساتھ ان مسائل کو مرحلہ وار حل کررہے ہیں ہم اگر وعدہ کرتے ہیں تو اُس کو پورا کرنے کے لئے اقدامات بھی کرتے ہیں اور الحمد اللہ آج تک جو بھی ہم نے اپنی عوام سے وعدے کئے ہیں اللہ کی مدد سے اُن وعدوں کو پورا کررہے ہیں اور نیو کراچی میں مسائل بتدریج کم ہورہے ہیں ۔ہم نے ابتداء میں ہی اپنی انتخابی مہم کے دوران یہ بات کہی تھی کہ جماعت اسلامی کے نمائندے اپنے اختیار سے بڑھ کر کام کریں گے، واٹر اینڈ سیوریج بورڈ ہمارے ماتحت نہیں ہے لیکن یہ عوام کا مسئلہ ہے اور سیکٹر J-5 کے سیکڑوں گھروں میں پینے کے پانی کی فراہمی عرصہ 10 سال سے متاثر تھی اور عوام مہنگائی کے دور میں اپنی بنیادی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے مجبوراً ٹینکر مافیا سے پانی خرید رہے تھے ہم عوامی نمائندے ہیں اور عوام کی پریشانی کو محسوس کرتے ہوئے ٹاؤن اور یوسی کے فنڈ سے پانی کی لائن ڈالنے کا بیڑا اُٹھایا آج الحمد اللہ پینے کی نئی لائن کی تنصیب کا کام کیا جارہا ہے ۔اس لائن سے انشاء اللہ سیکٹر J-5 کے 400 گھروں میں پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی ہوجائے گی ۔عوام پریشان ہیں اس لئے جہاں جہاں ممکن ہے جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے خدمت کے جذبے کے ساتھ اپنے اختیارات سے بڑھ کر کام کررہے ہیں ۔میں عوام سے یہی کہوں گا کہ جماعت اسلامی کے نمائندوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہوں ہم مل کر انشاء اللہ اپنے شہر، ٹاؤن، یوسی اور علاقوں کو خوبصورت بنانے اور مسائل سے پاک کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن